الیکشن کمیشن آف پاکستان

Media Coordination and Outreach Wing

پریس ریلیز

مورخہ16مارچ 2022

آج الیکشن کمیشن کا اہم اجلاس ہوا جس کی صدارت چیف الیکشن کمشنر آف پاکستان جناب سکندر سلطان راجہ نے کی۔ اجلاس میں ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ سیکرٹری الیکشن کمیشن اور دیگرسینئر افسران نے شرکت کی ۔

اجلاس میں الیکشن کمیشن کو بتایا گیا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ نے اپنے فیصلہ کے تحت اسلام آباد دارالخلافہ لوکل گورنمنٹ آرڈیننس 2021 (Islamabad Capital Territory Local Government Ordinance 2021) کو کالعدم قرار دے دیا ہے ۔

اس ضمن میں الیکشن کمیشن نے یہ فیصلہ کیا ہے اور دفتر کو حکم دیا ہے کہ

Islamabad Capital Territory (ICT) Local Government (Conduct of Election) Act 2015 کے مطابق فوری طور پر حلقہ بندی کمیٹی اور حلقہ بندی اتھارٹی کی تعیناتی اور کم سے کم وقت میں حلقہ بندی کی تکمیل کو یقینی بنانے کے لئے فوری اقدامات کئے جائیں تاکہ اسلام آباد میں لوکل گورنمنٹ انتخابات کے جلد ازجلد انعقاد کو یقینی بنایا جائے ۔